ہمیں تو جرأت اظہار کا سلیقہ ہے
روزنامہ جسارت کراچی
MEMBER APNS
www.jasarat.com

کراچی چیمبر آرٹ کی سرگرمیوں کو سپورٹ کرتا ہے،ادریس میمن

اسٹاف رپورٹر - November 24, 2021, 1:13 AM

مہمان خصوصی محمد ادریس میمن صدر کراچی چیمبر مہمان اعزازی نائب صدر کاٹی سید فرخ قندھاری و گیسٹ آف آنر ناصر شیخ ودیگر ربن کاٹ کر تصویری نمائش کا افتتاح کررہے ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں آرٹ سین گیلری میں سید ا ے عرفان کی تصویری نمائش "لازوال روایت کا احترام کرنا" کے عنوان سے منعقد ہوئی۔ تصویری نمائش کا صدر کراچی چیمبرو کامرس و انڈسٹری محمد ادریس میمن و مہمان اعزازی نائب صدر کاٹی سید فرخ قندھاری و گیسٹ آف آنر ناصر شیخ و دیگرنے ربن کاٹ کر افتتاح کیا آرٹ سین گیلیری کے مالک امجد سعید نے تمام مہمانوں و آرٹسٹوں کو خوش آمدید کہا اور میڈیا کو موجودہ اور آئندہ آنے والی نمائشوں کی تفصیلات بتائی۔صدر کراچی چیمبرو کامرس و انڈسٹری محمد ادریس میمن نے سید اے عرفان کے فن کی داد دی کہ اس دور میں بھی مغلیہ انداز جو ہماری روایات کا حصہ ہیں آرٹسٹ نے بھرپور انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے ،انہوں نے مزید کہا کہ کراچی چیمبر آرٹ کی سرگرمیوں و آرٹ شو کو سپورٹ کرتا ہے اور مائی کراچی نمائش جو کراچی چیمبر کی جانب سے بہت بڑی صنعتی نمائش ہوتی ہیں آرٹ گیلری و آرٹسٹوں کو ماضی میں سپورٹ کرتا رہاہے اور آئندہ بھی کرے گا انشاء اللہ۔نائب صدر کاٹی سید فرخ قندھاری نے بھی آرٹسٹ کے کاموں کو بہت سراہا۔